ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(275)

16-05-2022

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی کھلی کچہری،38 شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے، انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلاتاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا ہے،ڈی پی او عبادت نثار

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری،38 شہریوں نے شرکت کی۔کھلی کچہری میں آخری شہری تک سب کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو کارروائی اور درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم میں واپسی رپورٹ بھجوانے کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری میری اولین ترجیح ہے تا کہ دوردراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جاسکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ھدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیا جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے،عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی جانب سے اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا سلسلہ جاری۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(276)

16-05-2022

بہاول پور() پولیس کی منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں،متعدد ملزمان گرفتار،منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد،مقدمات درج،دستیاب وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں انہیں معاشرے کے لیے ناسور نہیں بننے دیا جائے گا۔ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ" پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔تھانہ صدر بہاولپور، مسافر خانہ اور نوشہرہ جدید پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان غلام رسول عرف ماما، عاقل، شاہد اور یامین کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 375 لیٹر شراب ، 225 لیٹر لہن اور 04 عدد چالو بھٹیاں بھی برآمد کرلیں۔پولیس تھانہ سمہ سٹہ اور صدر یزمان نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان زاہد اور اعجاز سے 3340 گرام چراس برآمد کرلی، جبکہ پولیس تھانہ چنی گوٹھ اور صدر یزمان نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان ہمدان اور گل زمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلیے۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے،ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، انہیں معاشرے کے لیے ناسور نہیں بننا دیا جائے گا۔

ترجمان پولیس بہاولپور

بہاول پور: پولیس کی منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں،متعدد ملزمان گرفتار،منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد